کسی نعرے پر مبنی کرنسی نوٹ کی کوئی قانونی حیثیت نہیں ہوگی: اسٹیٹ بینک کی وضاحت

کراچی، 14 ستمبر 2014ء

اسٹیٹ بینک عام لوگوں اور بینکوں کے مفاد میں یہ واضح کرنا چاہتا ہے کہ جس بھی نوٹ پر سیاسی، مذہبی یا تجارتی نوعیت کے نعرے/ بیان یا پیغامات تحریر ہوں ایسے نوٹ بطور لیگل ٹینڈر برقرار نہیں رہتے اور اپنی مبادلے کی حیثیت کھو بیٹھتے ہیں۔ ایسے نوٹ رکھنے والا شخص ایسے کسی اقدام کے نتیجے میں مالی نقصان سے دوچار ہوگا۔ عام لوگوں کو یاد دلایا جاتا ہے کہ کرنسی نوٹ ہمارے ملک کی خود مختاری و سالمیت کے لیے بنیادی حیثیت رکھتے ہیں اور یہ ہماری ذمہ داری ہے کہ انہیں احتیاط کے ساتھ رکھیں اور استعمال کریں۔

☆☆☆